ilmkidunya
علم کی دنیا

General Science - 9th Class General Science Urdu Medium Chapter 5 Preparation

Q1. نارکوٹکس کیا ہوتے ہیں؟

Ans 1: نارکوٹکس ایسی ادویات ہیں جوکہ درد سے نجات دلائیں اور نیند ، غنودگی اور نشہ طاری کریں. نارکوٹکس کہلاتی ہیں. مثلاً اوپیم اور مارفین.

Q2. فوبیا سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: بے جا اور نامناسب ڈر یا خوف جو کسی ایک شخص، جگہ یا چیز کے متعلق ہو فوبیا کہلاتا ہے. علامات: انسان، جانور، کھلی یا بند جگہ وغیرہ سے ڈرنا فوبیا جیسی بیماری کی علامات ہیں . مریض اس جگہ یا چیز سے بچنا شروع کردیتا ہے.

Q3. ایچ-آئی-وی کن الفاظ کا مخفف ہے؟

Ans 1: ایچ-آئی-وی مندرجہ ذیل الفاظ کا مخفف ہے. Human Immuno Deficiency Virus ہے .

Q4. ڈینگی بخار کی دو وجوہات لکھیئے .

Ans 1: 1. ڈینگی بخار انسان کو ڈینگی مچھر کے کاٹنے سے ہوتا ہے. جیسے ہی وائرس انسانی جسم میں داخل ہوتا ہے تو مختلف اعضاء میں جاکر عمل تولید سے تعداد میں بڑھتا ہے. 2. شدید انفیکشن میں انسان کے جسم میں وائرس بہت زیادہ تعداد میں بنتے ہیں اور بہت سے دوسرے اعضاء کو متاثر کرتے ہیں.

Q5. انفلوائنز کی 2 علامات لکھیں.

Ans 1: 1. اس کے مریض کو بخار اور کھانسی ہوتی ہے. 2. اس میں ناک کی جھلی اور آنکھوں سے پانی بہتا ہے. 3. اس میں سر درد اور پٹھوں‌میں شدید اینٹھن محسوس ہوتی ہے.

Q6. سمال پوکس کی علامات لکھیں.

Ans 1: سمال پوکس کی علامت درج ذیل ہیں. 1. اچانک بخار ہوجانا اور سرمیں سخت درد ہوتا. 2. کمر میں درد اور باربار قے آنا یا بخار کی حالت میں جھٹکے لگنا. 3. بخار کے تیسرے روز بازووں اور ٹانگوں پر دانے نکل آنا.

Q7. راونڈ ورم کی لمبائی اور رنگت کیا ہوتی ہے؟

Ans 1: راونڈ ورم بیس سے تیس سینٹی میٹر لمبے ہوتے ہیں اور ان کا رنگ گلابی سفید ہوتا ہے. کپڑے کا نام اسکیرس ہوتا ہے. راونڈورم سےپیدا ہونے والی بیماری سے پیٹ میں درد بدہضمی اور کمزوری الٹی کی شکایات اور کھانسی بھی ہوسکتی ہے.

Q8. ڈیلیریم کی علامات لکھیے.

Ans 1: ڈیلیریم بیماری تیزی سے ظاہر ہوتی ہے جس کی کئی وجوہات ہوسکتی ہیں. جیسے نشہ یا دیگر بیماریاں جسم میں الیکٹرولائٹس کی کمی اور دماغ میں آکسیجن کی کمی. اثرات یا علامات: یہ بیماری جسم پر مختلف اثرات چھوڑتی ہے جیسے کہ بگڑتی ہوئی گفتگو' کپکپی طاری ہونا' آنکھوں کا تیزی سے حرکت کرنا' دو دو نظر آنا' نیند نہ آنا'

پریشانی ' مدہوشی' گھبراہٹ' فریب نظر.

Q9. جراثیم کس طرح پھیلتے ہیں.

Ans 1: بیماریوں میں مبتلا شخص جب بات کرتا ہے. کھانساتا ہے . ہنستا یا چھینکتا ہے. تو اُس کے منہ اور ناک بہت چھوٹے چھوٹے مائع ذرات ہوا میں خارج ہوجاتے ہیں. اور ہوا میں معلق رہتے ہیں. ان مائع ذرات میں بیماری کے جراثیم بھی معلق رہتے ہیں. اردگرد کے صحت مند افراد جب سانس لیتے ہیں. تو یہ جراثیم ان کے سانس کے ساتھ جسم میں داخل ہوسکتے ہیں.

Q10. D P T کا مخفف کیا ہے؟

Ans 1: Diphtheria Pertusis Tetanus) D P T) کا مخفف ہے.